نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر دیکھ بھال کیلئے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور:15 جون 2026: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کپاس کی فصل کو گرمی کے اثرات سے بچاؤ کے لیے 3 دن کے وقفے سے پانی لگائیں۔پانی کی ضرورت کو جانچنے کے لئے واٹر سکاؤٹنگ کریں اور بعدازاں،اگر فصل کو پانی کی کمی ہو تو ترجیحاً شام یا رات کے وقت پانی دیا جائے۔فصل کو ایک ہی دفعہ زیادہ پانی دینے کی بجائے وقفہ وقفہ سے ہلکی آبپاشی کریں تاکہ جڑوں کو خوراک اور سانس لینے میں آسانی رہے۔اس کے علاوہ کپاس کی فصل کی نشوونما سٹریس میں ہو تو پوٹاشیم نائٹریٹ (2 فیصد) محلول کے ہفتہ وار چار سپرے سے پھول نکلنے شروع ہو جاتے ہیں۔مزید براں پھل کے کیڑا سے بچاؤ کے لیے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے سفارش کردہ نشوونما کو تیز کرنے والے مرکبات/امائنو ایسڈ وغیرہ اسپرے کرنے سے نہ صرف پھل کا کیڑا کم ہوتا ہے بلکہ پودے کی نشوونما میں بھی بہتری آتی ہے۔کاشتکار کپاس کی بہتر دیکھ بھال کیلئے ہفتہ میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور اگر ضرر رساں کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ مشاہدہ میں آئے تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے زرعی زہروں کا سپرے کریں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆